10798- ہوائی جہاز میں پانی نہ ملنے کی صورت میں وضوء کیسے کیا جائے ؟

سوال

جب ہوائی جہاز میں پانی نہ ملے، یا پانی مجمد ہوجائے، یا ہوائی جہاز میں ضرر یا پانی لیک ہونے کے خدشہ سے پانی استعمال کرنے نہ دیا جائے، یا پانی کافی نہ ہو، تو مٹی کی عدم موجودگی میں ہوائی جہاز کا مسافر وضوء کیسے کرے گا ؟

پسندیدہ جواب

آپ کے مذکورہ بیان کے مطابق وضوء کرنا مشکل یا متعذر ہے، اور اللہ تعالی کا فرمان ہے :

{اللہ تعالی نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں کی}. الحج (78).

چنانچہ ہوائی جہاز کے قالین پر اگر تو غبار تو مسافر اس پر تیمم کرلے اور اگر وہاں غبار نہ ہو تو وہ نماز ضرور ادا کرے چاہے طہارت کرنے سے عاجز ہونے کی بنا پر غیر وضوء ہی نماز ادا کرنا پڑے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{تم میں جتنی استطاعت ہے اس کے مطابق تقوی اختیار کرو}. التغابن (16).

لیکن اگر یہ ممکن ہے کہ ہوائی جہاز دوسری نماز کے آخری وقت سے قبل ہوائی اڈے پر اترے گا تو اسے نماز میں تاخر کرنی چاہیے اور ہوائے اڈے پر جہاز اترنے کے بعد وہ دونوں نمازیں جمع کرکے ادا کرے، لیکن اگر ایسا ممکن نہ ہو، مثلا اگر جمع کی جانے والی نمازوں میں دوسری نماز کا وقت ہو یا پھر وہ نماز جمع نہ ہوسکتی ہو مثلا عصر کی نماز مغرب کے ساتھ، اور عشاء کی نماز فجر کے ساتھ، اور فجر کی ظہر کے ساتھ تو اس صورت میں وہ حسب حال نماز ادا کرلے.